سوال

(583) عشر زکواۃ۔ دیگر صدقات وغیرہ سے اسلامی لٹریچر خرید کر..الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عشر زکواۃ۔ دیگر صدقات وغیرہ سے اسلامی لٹریچر خرید کر پبلک میں شر عاشائع کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟ (شیخ کمال الدین از جہلم)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

اسلامی لٹریچر زکواۃ کے مال سے خرید کر بغرض تبلیغ نادار لوگوں کو دینا جائز ہے۔ باقی مصارف قرآن مجید میں اس آیت میں ملتے ہیں۔ إِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِينِ وَالْعَامِلِينَ ٦٠ سورة التوبة

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص741

محدث فتویٰ